**11.08.2025**

**Hrs 13.50**

**HL-OPENNING**

**آداب**

**یہ آکاشوانی ہے**

**خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ**

**Music**

**---------------------------**

*** وزیرِ اعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں ارکان پارلیمنٹ کے لیے 184 فلیٹ والی کثیر منزلہ عمارت کا افتتاح کیا۔ انھوں نے کہا کہ اِس عمارت سے ایک بھارت سریشٹھ بھارت کے جذبے کا اظہار ہوتا ہے۔**

*** پارلیمنٹ میں بہار میں ترمیم شدہ ووٹر فہرست اور دیگر معاملات پر ہنگامہ آرائی جاری ہے۔ BJP نے کانگریس پر انتخابی عمل کے سلسلے میں جھوٹ پھیلانے اور بے بنیاد الزامات لگانے کا الزام لگایا۔**

*** آسٹریلیا کے وزیراعظم Anthony Albanese نے کہا ہے کہ آسٹریلیا آئندہ ستمبر میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں فلسطینی مملکت کو تسلیم کرے گا۔**

*** اور بھارتی محکمہئ موسمیاتIMD نے اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں اگلے سات روز کے دوران انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔**

**-------------------------------**

**Music**

**اب خبریں تفصیل سے............**

**PM MP Flats**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں بابا کھڑک سنگھ مارگ پر ارکانِ پارلیمنٹ کے لیے Type-VII ملٹی اسٹوری فلیٹس کا افتتاح کیا۔ یہ 184 فلیٹس حال ہی میں تعمیر کیے گئے ہیں۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ 2014 سے اب تک ارکانِ پارلیمنٹ کے لیے 350 نئے مکانات تعمیر کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2004 سے 2014 کے درمیان ارکانِ پارلیمنٹ کے لیے ایک بھی نئی رہائش گاہ تعمیر نہیں کی گئی۔**

**جناب مودی نے کہا کہ اِن مکانات میں مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے ارکانِ پارلیمنٹ ایک ساتھ رہتے ہیں، جس سے ایک بھارت سریشٹھ بھارت کے ویژن کا اظہار ہوتا ہے۔**

جناب مودی نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ اس کثیر منزلہ عمارت میں 180 سے زیادہ ارکانِ پارلیمنٹ ایک ساتھ رہ سکیں گے اور یہ نئی رہائش گاہیں ایک اہم اقتصادی پہلو کی حامل بھی ہیں۔

**S/B- PM MP AWAS**

**Parliament Adjourn**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی مختلف معاملوں پر اپوزیشن پارٹیوں کے شور وغل کے بعد دن کے دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ جب راجیہ سبھا کا اجلاس دن میں 11 بجے شروع ہوا، تو ڈپٹی چیئرمین ہری وَنش نے وقفہ صفر کی کارروائی چلانے کی کوشش کی، لیکن اپوزیشن ارکان نے بہار میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرثانی کا معاملہ اور دیگر معاملات اٹھائے۔ جب شور وشرابے کا سلسلہ جاری رہا تو ڈپٹی چیئرمین نے ایوان کی کارروائی دن کے 2 بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔

**Harivansh Rajya Sabha-1400**

اُدھر لوک سبھا میں بھی اسی طرح کے مناظر دیکھنے میں آئے، جب ایوان کا اجلاس دن میں 11 بجے شروع ہوا، تو اپوزیشن پارٹیوں نے خصوصی نظرثانی کے معاملے پر بحث کرائے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج شروع کردیا۔

اس کے بعد اسپیکر نے ایوان کی کارروائی دن کے 2 بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔

**Om Birla-2 PM-1400**

**BJP-SIR Oppositions Protests**

BJP نے آج کانگریس پر الزام لگایا ہے کہ وہ ملک کے انتخابی عمل کے خلاف جھوٹ پھیلارہی ہے اور بے بنیاد الزامات لگارہی ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے تعلیم کے مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر رہنما دھرمیندر پردھان نے کہا کہ کانگریس کبھی EVMs میں شفافیت کے بارے میں سوال کرتی ہے، تو کبھی ہریانہ اور مہاراشٹر میں انتخابات سے متعلق معاملات اٹھاتی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اُن کی مسلسل سیاسی ہار نے، انہیں سیاسی دیوالیہ پَن کی حالت میں پہنچادیا ہے۔ ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرثانی کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ یہ پہلی بار نہیں ہورہا ہے، کیونکہ انتخابی کمیشن ووٹر لسٹ کو اَپ ڈیٹ کرنے کیلئے اکثر ایسا کرتا ہے۔

**Byte: Dharmendra Pradhan**

اس دوران اپوزیشن کے ارکان پارلیمنٹ نے بہار میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرثانی SIR کے خلاف آج پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس سے انتخابی کمیشن کے دفتر تک احتجاجی مارچ کیا۔ اِن ارکان نے بہار میں SIR کو واپس لئے جانے کی مانگ کی۔ کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے اور پارٹی رہنما راہل گاندھی، NCP (SCP) کے سربراہ شردپوار، سماج وادی پارٹی کے

سربراہ اکھلیش یادو، جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے رہنما **Mauha Maji**، ترنمول کانگریس کے رکن پارلیمنٹ **Derek O'Brien** اور دیگر ارکان نے احتجاج میں حصہ لیا۔×

## LS Wildlife Habitat

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کے وزیر  بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ حکومت ملک بھر میں جنگلی جانوروں کی پناہ گاہوں کے تحفظ، نگرانی اور انتظام کیلئے جنگلی جانوروں کی پناہ گاہوں سے متعلق اسکیم کی مربوط ترقی کو عملی جامہ پہنارہی ہے۔ آج لوک سبھا میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب یادو نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت مرکز، جنگلی جانوروں کی پناہ گاہوں کے تحفظ اور انسانوں اور جنگلی جانوروں کے درمیان ٹکراؤ سے نمٹنے کیلئے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو مالی امداد فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ **24** نسلوں کو ناپید ہونے کے خطرے والی فہرست میں شامل کیا گیا ہے اور حکومت اُن کے تحفظ اور بچاؤ کیلئے کام کررہی ہے۔×

## Maharashtra GIG Workers

مہاراشٹر سرکار**320** سے زیادہ ای۔کامرس، جمع کرنے والی اور خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کے پانچ لاکھ سے زیادہ **Gig** ورکروں کے لیے سماجی سکیورٹی کا ڈھانچہ متعارف کرانے کے لیے تیار ہے۔ محنت کے محکمے کے ذریعے تیار کردہ بل کے مسودے میں کمپنیوں پر اُن کے ٹیکس اور **GST** ادائیگیوں سے مربوط محصول لگانے کی تجویز ہے، تاکہ ایک ویلفیئر فنڈ قائم کیا جا سکے۔ اِس فنڈ سے**Gig**  ورکروں اور اُن کے اہلِ خانہ کو  صحت بیمہ، لائف کور، مقررہ آمدنی اور تعلیمی فوائد فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ پہل سماجی سیکیورٹی ضابطے **2020** سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔ اِسی طرح کا ایک ماڈل تعمیراتی مزدوروں کے لیے پہلے سے ہی کام کر رہا ہے، جہاں پروجیکٹ کی لاگتوں پر عائد ایک فیصد محصول سے سالانہ **100** کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم اکٹھا کی جاتی ہے۔

مہاراشٹر کے محنت کے وزیر آکاش **Fundkar** نے کہا ہے کہ مرکز نے ریاستی سرکار کی اس تجویز کو منظوری دے دی ہے۔ اِس سلسلے میں بل کا حتمی مسودہ متعلقہ فریقوں کے ساتھ صلاح مشورے کے بعد اسمبلی کے سرمائی اجلاس **2025** میں پیش کیا جائے گا۔ لازمی رجسٹریشن مہم سے **Gig** ورکروں کا ایک جامع ڈیٹا بیس تشکیل دینے میں مدد ملے گی۔**x**

## Har Ghar Tiranga Film Festival

اطلاعات و نشریات کی وزارت اور فلموں سے متعلق قومی ترقیاتی کارپوریشن کے ذریعے منعقدہ حب الوطنی پر مبنی فلموں کا فیسٹیول آج نئی دلی میں شروع ہوگیا ہے۔ یہ فلم فیسٹیول یومِ آزادی سے قبل **11** اگست سے **13** اگست تک ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سری فورٹ آڈیٹوریم میں

منعقد کیا جا رہا ہے۔ تین روزہ فلم فیسٹیول کا مقصد حب الوطنی کے جذبے کو خراجِ تحسین پیش کرنا ہے۔x

## Australian Prime Minister

آسٹریلیا کے وزیراعظم Anthony Albanese نے اعلان کیا ہے کہ آسٹریلیا ستمبر میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس میں فلسطینی مملکت کو باضابطہ طور پر تسلیم کرلے گا۔ یہ قدم اُس ملک کی خارجہ پالیسی میں ایک اہم بدلاؤ ہے۔ آسٹریلیا کے علاوہ فرانس، برطانیہ اور کینیڈا نے بھی فلسطینی مملکت کو تسلیم کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے، جس کا مقصد مشرقی ایشیاء میں دو ملکی حل کے سلسلے میں بین الاقوامی کوششوں کو مستحکم کرنا ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے اگلے 7 دن کے دوران اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے اِن ریاستوں میں آج کیلئے اورینج وارننگ بھی جاری کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے مغربی بنگال اور سکم میں بھی بعض مقامات پر آج انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ دلّی، چنڈی گڑھ، ہریانہ، پنجاب، بہار، مدھیہ پردیش، تلنگانہ اور انڈمان ونکوبار جزیروں میں آج شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ بہار، جموں وکشمیر، لداخ اور جھارکھنڈ کے بعض مقامات پر بھی گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔x

## Uttarakhand Weather

اتراکھنڈ میں، اترکاشی ضلعے کے دھرالی اور ہرسِل علاقے میں آئی قدرتی آفت کے ایک ہفتے بعد بھی تلاش، راحت اور بچاؤ کی کارروائی جاری ہے۔

خراب موسم کے حالات کے درمیان، فوج ITBP، NDRF، SDRF اور ضلع انتظامیہ ملبے میں پھنسے لوگوں کو نکالنے اور تلاش کرنے کے لیے جدید آلات کا استعمال کر رہی ہیں۔ خراب موسم کے باوجود، زمینی سطح پر کام کرنے والی ٹیمیں بھی سرگرمی سے کام کر رہی ہیں۔ تاہم، محکمہئ موسمیات نے دہرادون، ہری دوار، ٹہری، نینی تال، چمپاوت، پوڑی، اودھم سنگھ نگر اور باگیشور میں آج شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ شدید بارش کی وارننگ کے پیش نظر چمولی ضلع انتظامیہ نے کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کو روکنے کے لیے اگلے پانچ دن کے دوران ضلع کے تمام پہاڑی راستوں پر آمدروفت کی پابندی لگادی ہے۔x

## Asian Boxing

مکّے بازی میں، کَل بینکاک میں 19 سال تک کی عمر کی خاتون ایشیائی باکسنگ چمپئن شپ میں بھارت کی نِشا اور مُسکان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کے تمغے جیتے ہیں، جبکہ 5 دیگر مکّے بازوں کو چاندی کے تمغے ملے ہیں۔ مقابلے میں اُترنے والی

10 خاتون مکّے بازوں میں سے   9 تمغوں کے ساتھ واپس آئیں گی، جن میں سونے کے 2، چاندی کے 5 اور کانسے کے 2 تمغے شامل ہیں۔ بھارت کی کھلاڑیوں نے چین، قزاقستان اور اُزبیکستان جیسے ملکوں کی کھلاڑیوں کے ساتھ سخت مقابلہ کیا۔x

**kargil Tiranga March**

لداخ میں، ملک گیر مہم ہر گھر ترنگا کے ایک حصے کے طور پر لوگوں کو حب الوطنی کے لیے تحریک دینے اور قومی پرچم لہرانے کو فروغ دینے کے لیے   Tourist Office Zanskar نے اتوار کے روز Zangle میں ایک سیاحتی مقام پر ایک ترنگا مارچ کا انعقاد کیا۔ مقامی سیاحتی شراکت داروں نے اس پروگرام میں سرگرمی کے ساتھ حصہ لیا۔

اس اقدام سے شہریوں کو اپنے کاروباری اداروں، گھروں اور دیگر مقامات پر قومی پرچم لہرانے کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ x

**Germany Israel Arms**

جرمنی نے اسرائیل کو ہتھیاروں کی برآمد روکنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان غزہ پٹی میں اپنی فوجی کارروائیوں کو وسعت دینے کے اسرائیل کے منصوبوں پر تشویش کا حوالہ دیتے ہوئے چانسلر Friedrich Merz  نے کہا کہ یہ فیصلہ غزہ میں بگڑتے ہوئے انسانی بحران کے پیشِ نظر کیا گیا ہے اور  خدشہ ہے کہ غزہ میں مزید فوج کی توسیع سے وہاں بڑے پیمانے پر شہری ہلاکتیں ہو سکتی ہیں اور غزہ کے پورے شہر کو خالی کرنے کی ضرورت ہے۔ اِس اقدام کے باوجود چانسلر نے اِس بات پر زور دیا کہ اسرائی کے حوالے سے جرمنی کی پالیسی کے بنیادی اصول بدستور برقرار ہیں۔ جرمنی، امریکہ کے بعد اسرائیل کو اسلحہ فراہم کرنے والا دوسرا بڑا ملک ہے۔x

**Iran IAEA**

بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی، IAEAکے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل آج ایران کا دورہ کرنے والے ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اِس دورے کا مقصد اِس سال جون میں ایرانی پارلیمنٹ کی طرف سے منظور کیے گئے نئے فریم ورک کے تحت مستقبل میں تعاون سے متعلق مذاکرات کرنا ہے۔ اگرچہ انہوں نے یہ واضح کیا کہ اِس دورے کے دوران ایران کی جوہری تنصیبات کا معائنہ نہیں کیا جائے گا۔ اس سے پہلے ایران نے اپنی جوہری تنصیبات پر اسرائیل اور امریکہ کے حملوں اور اُس کے نیوکلیائی سائنس دانوں کے قتل کے بعد IAEA کے ساتھ تعاون نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ ایران نے کہا ہے کہ پھر سے اشتراک تبھی کیا جائے گا، جب اُس کی نیوکلیائی تنصیبات اور سائنسدانوں کا تحفظ کیا جائے گا۔x

**Negotiation Restructure**

**سری لنکا 2022 کے بانڈس کی تنظیمِ نو پر بات چیت کر رہا ہے، جنھیں اُس کے 2024 کے بڑے قرض کی بحالی سے خارج کردیا گیاہے،اِس میں وہ بانڈس بھی شامل ہیں، جو Hamiltion Reserve Bank کے پاس رکھے گئے ہیں، جو مکمل ادائیگی کے لیے سری لنکا پر مقدمہ کر رہا ہے۔ بات چیت کا مقصد IMF کی قرض کی پائیداری کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے قرض دہندگان کی سابقہ شرائط سے ہم آہنگی کرنا ہے۔ بات چیت میں کمرشیل بینکوں کے واجب الادا 50 ملین ڈالر اور سری لنکن ایئر لائنس کے 175ملین ڈالر کے بانڈس کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔**

**قانونی رکاوٹوں کے باوجود سری لنکا کی بحالی اُس کے 2022 کے ڈیفالٹ کے بعد جاری ہے، جسے اصلاحات، IMF کی امداد اور بھارت کی طرف سے چار اعشاریہ پانچ ملین ڈالر سے زیادہ کی انسانی امداد سے تعاون حاصل ہے۔x**

**Rev. Turkey Quake**

**مغربی ترکیہ کے Sindirgi میں زلزلہ آیا ہے، جس کی شدت 6 اعشاریہ ایک درج کی گئی ہے۔ زلزلے سے ہونے والی تباہی میں ایک فرد کی موت ہو گئی، 29 افراد زخمی ہوئے ہیں اور 16 عمارتیں منہدم ہو گئی ہیں۔ کل شام آئے اس زلزلے کے جھٹکے ملک کے سب سے بڑے شہر استنبول اور سیاحوں میں مشہور اِزمیر سمیت کئی صوبوں میں محسوس کیے گئے۔×**

*** * * * * * * * * * * * * * * * * * ***